منور رانا شخص اور شاعر



مصنف
ڈاکٹر محمد ارشاق

قاسمی کتب خانہ

منور رانا شخص اور شاعر
ڈاکٹر محمد ارشاق اصغر

Q K.K.

MUNAWWAR RANA
SHAKHS AUR SHAIR

ڈاکٹر محمد ارشاق اصغر کی زیر نظر تحقیقی کتاب "منور رانا شخص اور شاعر" بین الاقوامی شہرت یافتہ اردو شاعر منور رانا کی شخصیت اور شاعری کے حوالے سے منفرد کتاب ہے۔ یہ کتاب منور رانا کے حوالے سے ایک مستند سند کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ ڈاکٹر موصوف کو کس قدر تحقیق سے جنون کی حد تک دلی لگاؤ ہے۔ اس کتاب سے آنے والے محققین منور رانا اور ان کی شاعری کے علاوہ جدید شاعری کے حوالے سے بھی مستفید ہوتے رہیں گے۔

ڈاکٹر محمد ارشاق اصغر کا شمار ماہرین منور رانا میں ہوگا اور مستقبل کا محقق ان کی اس ضخیم تحقیقی کتاب سے استفادہ کیے بغیر منور رانا تک نہیں پہنچ پائے گا۔ میں دعا گو ہوں کہ اللہ رب العزت یوں ہی انھیں علم و ادب کی خدمت میں مصروف رکھے۔ آمین!

ڈاکٹر محمد شکیل کتاریہ

QASMI KUTUB KHANA
E-92, Abul Fazal Enclave, Okhla New Delhi
Talab Khatikan, Jama Masjid, Jammu Tawi - 180001
Ph. 9797352280 | 7889903800
E-Mail: qasmikutubkhana0729@gmail.com

₹ 595/-

ISBN 978-93-83034-90-1

Scanned with CamScanner

پیش گفتار

منور رانا زندہ ادب کی آئینہ دار شخصیت کا نام ہے۔ان کا کلام تمام ادبی حلقوں میں پسند کیا جاتا ہے، وہ چاہے اردو ، ہندی ہو یا بنگلہ اور گورمکھی۔ مشاعروں کی زینت ،منفرد لب ولہجہ اور حقیقت پسندانہ خیالات ،احساسات اور جذبات کا اظہار کرنے والے اس مشہور ومعروف اور مقبول ترین شاعر کو نہ صرف برصغیر بلکہ خلیجی ممالک کے ساتھ ساتھ اردو کی نئی آباد ہو رہی بستیوں میں بھی یکساں بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ان کی شعری کائنات میں بے شمار اور متنوع موضوعات اور مسائل اس طرح پیش ہوتے ہیں کہ کوئی کہیں بھی ہو، وہ ان سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ ان کی شاعری میں ماں کے علاوہ ہجرت، گھر، روزی، روٹی، خوشبو، چاہت، خواب، نیند، بدن، مٹی، وصل، جدائی، کشتی، سیلاب، مزدوری، پردیس، پیڑ، سایہ، آنسو، برسات، لمحہ، صدیاں، شہر، گاؤں، پیاس، کربلا، قیس، صحرا کے ساتھ ساتھ خودکلامی کے بہترین نمونے دیکھے جا سکتے ہیں۔

بے شک منور رانا جیسے شخص اور شاعر پر بہت سے مقالہ نگاروں، دانشوروں، ادیبوں ،شاعروں ،نقادوں اور محققین نے بہت اچھا اور معیاری کام کیا ہے لیکن ان سب کے ساتھ ساتھ ڈاکٹر محمد ارشاق اصغر کی تحریر کردہ یہ کتاب منور رانا کی حیات وشخصیت ،غزلیہ شاعری ،نظمیہ شاعری، ہندوستانی تہذیب و معاشرت کے پس منظر

Scanned with CamScanner